تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

31 August 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شعبہ کیمیا کے پانچ رسرچ اسکالرز کا بطور اسسٹنٹ پروفیسر انتخاب

یہ امر قابل افتخار ہے کہ شعبہ کیمیا، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے حال ہی میں پی ایچ ڈی سے سرفراز پانچ رسرچ اسکالروں کا مختلف یونیورسٹیوں میں بطور اسسٹنٹ پروفیسر تقرر ہوا ہے۔ دہلی یونیورسٹی کے رام جس کالج میں تین طلبا کا مستقل بنیاد پر بطور اسسٹنٹ پروفیسر تقرری عمل میں آئی ہے: ڈاکٹر شرف الہی صدیقی، جنھوں نے پروفیسر سیف علی چودھری کے زیر نگرانی اپنی پی ایچ ڈی جمع کی ہے، ڈاکٹر منیش رانا جنھوں نے ڈاکٹر رئیس الدین کی نگرانی میں پی ایچ ڈی مکمل کی ہے اور ڈاکٹر سوچی ورما جنھوں نے پروفیسر کشور سلیم کی نگرانی میں اپنی پی ایچ ڈی مکمل کی ہے۔

ڈاکٹر اتل شرما جنھوں نے پروفیسر سیف علی چودھری کی نگرانی میں پی ایچ ڈی کی ہے انھوں نے ہریانہ کی گروگرام یونیورسٹی میں بطور اسسٹنٹ پروفیسر جوائن کیا ہے۔

صدر شعبہ کیمیا، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر ناہید نشاط کی زیر نگرانی پی ایچ ڈی کا کام جمع کرنے والے ڈاکٹر عبدالرحمان محمد نے ہدی یونیورسٹی، گوساؤ، نائجیریا کے فیکلٹی آف سائنس اینڈ کمپوٹنگ کے شعبہ پٹرولیم کیمسٹری میں بطور سینئر لیکچرر جوائن کیا ہے۔

ڈاکٹر سہیل احمد جنھوں نے پروفیسر صاعقہ اکرام کی نگرانی میں پی ایچ ڈی مکمل ہے انھوں نے یوایف ایل ای ایکس لمٹیڈ کیمکل ڈیوژن سیکٹر۔ستاون نوئیڈا میں بطور آر اینڈ ڈی اہل کار جوائن کیا ہے۔

پروفیسر نجمہ، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ جملہ منتخب طلبا کو اوران کے پی ایچ ڈی کے نگراں کو مبارک باد دی ہے ۔انھوں نے تمام کامیاب طلبا کے تئیں ان کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا ہے۔

صدر شعبہ کیمیا، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر ناہید نشاط نے بھی نئے تقرر شدہ طلبا کو مبارک باد دی ہے اور شیخ الجامعہ کا ان کے بھرپور تعاون کے لیے شکریہ ادا کیا ہے۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی